© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

- جھوٹ اور بات ہے۔ ڈپلومیسی اور چیز ہے۔ (ایک ٹی وی دانشور)

بدمعاشی اور چیز ہے، غنڈہ گردی اور چیز ہے۔

- گرفتاری، موت سے نہیں ڈرتا۔ (سابق صدر پرویز مشرف)

قوم آپ کی جلد وطن واپسی کی منتظر ہے۔

- ستمبر میں فیس بک پر قرآن پاک (نعوذ باللہ) جلانے کا مقابلہ کرانے کا اعلان (Everybody burn Quran) (ایک خبر)

اور اس طرح کی باتیں پڑھنے کے بعد بھی ہم زندہ ہیں!

- ڈاکٹر بن کر عوام کی خدمت کرنا چاہتا ہوں۔ (میٹرک کے ایک پوزیشن ہولڈر کا بیان)

ڈاکٹر ہی بننا، قصائی نہ بننا

- دوست ممالک کو پاکستانی قیادت پر عدم اعتماد نہیں۔ (قمر الزماں کائرہ)

اسی لیے غیر ممالک اور عالمی ادارے امداد متاثرین پر براہِ راست خرچ کر رہے ہیں۔

- جنوبی پنجاب کے مدرسے، دہشت گردی کے تربیتی مراکز نہیں مگر نرسری کا کام ضرور کر رہے ہیں۔ (حامد سعید کاظمی)

اسی نرسری میں پل کر آپ بھی جوان ہوئے ہیں۔

- صدر ملک میں ہوتے تو کیا سیلاب رک جاتا یا وہ اپنی قمیض اتار کر مصیبت زدگان کو دے دیتے تو اُن کے تن ڈھک جاتے؟ (فیصل رضا عابدی)

فکرِ ہر کس بقدرِ ہمتِ اوست!

- جوتا سیاست ختم ہونی چاہیے۔ تختِ لاہور سیلاب پر سیاست کر رہا ہے۔ (بابر اعوان)

دھوکے باز سیاستدانوں کو عوام جوتے، ٹماٹر مار کر اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔ (جاوید ہاشمی)

- صدر زرداری کی سفارش اور زرداری ہاؤس دبئی کے حکم پر، ۱۵۰ بھارتیوں اور ۸۶، امریکیوں کو دستاویزات کی جانچ کیے بغیر ویزے جاری کیے گئے۔ (ایک خبر)

بلا تبصرہ!



© rasailojaraid.com